اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان، لیڈی کانسٹیبلان، ڈرائیور کانسٹیبلان (پنجاب ہائی وے پٹرول)

پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) میں کانسٹیبلان، لیڈی کانسٹیبلان اور ڈرائیور کانسٹیبلان سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر مندرجہ ذیل اضلاع میں بھرتی کی جارہی ہے جس کے لیے متعلقہ اضلاع کے سکونتی امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں:

نمبر شمار	مندرجات	اہلیت برائے کانسٹیبل / لیڈی کانسٹیبل	اہلیت برائے ڈرائیور کانسٹیبل
(1)	عمر	18 تا 25 سال	21 تا 30 سال
(2)	قد	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
(3)	چھاتی	کم از کم 33"×34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 33"×34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)
(4)	سکونت	امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔
(5)	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے ایف۔اے / ایف ایس سی یا مساوی (سیکنڈ ڈویژن)	منظور شدہ بورڈ سے ایف۔اے / ایف ایس سی یا مساوی (سیکنڈ ڈویژن)
(6)	دوڑ	(i) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (ii) برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	(i) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔ (ii) برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔
(7)	ڈرائیونگ لائسنس و تجربہ	----	LTV ڈرائیونگ لائسنس اور LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سالہ تجربہ۔ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، مکینکل ٹیسٹ اور ہائی وے کوڈ ٹیسٹ بھی لیا جائے گا۔)

ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ درخواست فارم معہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) متعلقہ ریجنل آفس پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) میں مورخہ 26.03.2025 تا 09.04.2025 تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات ریجنل آفس پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم / درخواست محکمانہ توسط سے اجازت نامہ (NOC) لے کر جمع کروائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ امیدوار نااہل تصور ہوگا۔

کوٹہ:-

☆ اقلیتی امیدواران کے لیے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ خواتین امیدواران کے لیے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

نوٹ:-

☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، ڈرائیونگ ٹیسٹ (صرف ڈرائیور کانسٹیبل)، تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کیٹیگری کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کیس سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کردی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از میڈیکو لیگل کلیئرنس میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہونگے کلر بلائنڈ امیدوار بھرتی کیلئے نااہل ثابت ہونگے۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش متعلقہ ریجنل آفس پنجاب ہائی وے پٹرول (PHP) میں منعقد ہوگی۔

☆ اگر کوئی امیدوار ایک سے زیادہ آسامیوں کے لیے کوالیفائی کرے گا تو انٹرویو سے پہلے اس کو کسی ایک آسامی کا انتخاب کرنا ہوگا اور اس سلسلہ میں بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جاسکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جاسکے گی۔

المشتہر:- ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ-II)، سنٹرل پولیس آفس، لاہور۔

IPL-1003